# ٹیچرز گائیڈ

کلاس 2 کے لئے

# امی کا دوپٹہ



# ٹیچر کیلئے ہدایت

- تصویروں اور اس سے متعلقہ سرگرمیوں کو اس طرح لے کر چلیں کہ بچے سیکھنے اور سوچنے میں دلچسپی لیں۔
- اس بات کا خیال رکھیں کہ لکھنے اور پڑھنے کے ساتھ ساتھ بچوں میں خود اعتمادی سے بات چیت کرنے کی صلاحیت بھی پیدا ہو۔ یہی وجہ ہے کہ اس ٹیچرز گائیڈ میں بچوں کے ساتھ گفتگو پر زور دیا گیا ہے۔
- بچوں سے تصویروں کے حوالے سے بات چیت کریں۔ ان کی بات یا جوابات کو غلط نہ کہیں' جہاں ضرورت ہو وہاں پیار سے اصلاح کریں۔
- ہر تحریری کام سے پہلے بچوں کو سمجھائیں کہ انہیں کیا کرنا ہے۔
- ہر تحریری کام کے وقت بچوں کے پاس جاکر ان کی مدد کریں۔
- اس بات کا خیال رکھیں کہ کلاس میں گفتگو کے دوران سب بچے ایک ساتھ نہ بولیں۔ ایک وقت میں ایک بچہ بولے اور کلاس میں discipline قائم رہے۔
- جہاں بھی ضرورت محسوس ہو کلاس میں اور گھر کے کام میں revision کا کام کرائیں۔
- اس ٹیچرز گائیڈ میں 6 سیشن ہیں۔ ہر سیشن 45 منٹ کا ہے۔ اگر آپ کے اسکول میں ایک پیریڈ کا دورانیہ 45 منٹ سے کم یا زیادہ ہو تو سیشن میں رد و بدل کر لیں۔
- اگر کسی روز سیشن میں وقت بچ جائے تو کبھی دہرائی کرائیں' کبھی کہانی سنائیں اور کبھی بچوں کو ان کی مرضی کا کوئی کام کرنے کے لئے دیں۔
- گھر کا کام ہمیشہ بورڈ پر لکھیں۔ بچے اپنی کوپی میں اتاریں۔
- جہاں جہاں لفظ 'بچہ' استعمال کیا گیا ہے' اسے بچہ یا بچی پڑھیں۔

# سیشن 1

15 منٹ • کتاب پڑھوانے سے پہلے بچوں سے پوچھیں کہ وہ گھر کے اندر کس طرح کے کھیل کھیلتے ہیں۔ کیا وہ امی ابو کی چیزوں سے کھیلتے ہیں؟ اگر ہاں تو وہ کیا کھیل ہوتے ہیں اور امی اور ابو کا کیا ردعمل ہوتا ہے۔

15 منٹ • بچوں سے کتابیں کھولنے کو کہیں۔ کہانی پڑھ کر سنائیں اور ساتھ ساتھ ہر صفحے پر دی گئی تصویر پر بچوں سے بات چیت کریں۔

15 منٹ • بچوں سے پوچھیں کہ اگر وہ اپنی امی یا بڑی بہن کی الماری سے ان کی چیزیں نکال کے کھیلیں تو کیا ہو گا۔ وہ خوش ہوں گی یا غصہ۔ دونوں صورتوں میں ان کا رویہ ایسا کیوں ہو گا۔

**ٹیچر کے لئے نوٹ**

سیشن 2 کے لئے مشکل الفاظ کے فلیش کارڈز تیار کر کے کلاس میں لائیں۔ مثلاً: الماری، رنگ برنگے، دوپٹے، پھول، کھینچتا وغیرہ۔

# سیشن 2

15 منٹ • بچوں سے فلیش کارڈز سے باری باری الفاظ کی پڑھائی کروائیں۔ پڑھنے میں مدد درکار ہو تو مدد کریں اور کوشش کے لئے بچوں کی تعریف کریں۔

15 منٹ • کہانی دوبارہ پڑھیں اور تصویروں کے بارے میں بھی بات کریں۔
- دانش کن چیزوں پہ کھڑا ہو کر الماری میں سے چیزیں نکال رہا ہے؟
- کیا خیال ہے گر تو نہیں جائے گا؟
- دوپٹے کن کن رنگوں کے ہیں؟

- کیا خیال ہے، تمام دوپٹے زمین پر گر جائیں گے؟
- گھر کن چیزوں سے بنا ہوا ہے؟
- آپ نے کبھی رسی کودی ہے؟
- اگر آپ کوئی شرارت کر رہیں ہوں اور امی آواز دیتی ہیں تو آپ کیا کرتے ہیں؟

10 منٹ • بورڈ پر 2 کولم بنائیں اور کتاب سے کچھ الفاظ کا انگریزی ترجمہ لکھیں۔ بچے اپنی کوپی میں لکھیں۔

| اردو | english | اردو | english |
|---|---|---|---|
| الماری | cupboard | گھر | house |
| پھول | flower | کرسی | chair |
| باغ | garden | گرمی | heat |
| پتہ | leaf | کمرا | room |

## ہوم ورک

5 منٹ • رنگ برنگے کاغذ یا اخبار اور رسالوں سے رنگین تصویریں کاٹ کر سیشن 6 کے لئے جمع کریں۔

### ٹیچر کے لئے نوٹ

سیشن 3 کے لئے نیلا، پیلا اور لال پوسٹر پینٹ، موٹا برش اور پوسٹر پیپر کا انتظام کر لیں۔

# سیشن 3

10 منٹ • 8 - 6 بچوں سے باری باری کتاب پڑھوائیں۔

15 منٹ • مختلف رنگوں کا انگریزی اردو ترجمہ بچوں سے پوچھ کر بورڈ پر لکھیں۔ اس کے علاوہ اور رنگوں کا اردو ترجمہ پوچھیں اور بورڈ پر لکھیں۔ بچے اپنی کوپی میں لکھیں۔

| english | اردو | english | اردو |
|---|---|---|---|
| yellow | پیلا | blue | نیلا |
| red | لال | black | کالا |
| white | سفید | orange | نارنجی |
| purple | جامنی | green | ہرا |
| brown | بھورا | pink | گلابی |

**5 منٹ** • بچوں سے پوچھیں کہ دنیا میں اتنے سارے رنگ کیسے بنتے ہیں۔ بچوں کو بتائیں کہ تین رنگوں سے مل کر باقی تمام رنگ بنتے ہیں۔ ان تین رنگوں کو primary colours کہتے ہیں۔ یہ 3 رنگ لال (red)، نیلا (blue) اور پیلا (yellow) ہیں۔

**15 منٹ** • پوسٹر پینٹ لے کر بچوں کو رنگ ملا کر دوسرے رنگ بنا کر دکھائیں۔

نیلا + پیلا = ہرا
پیلا + لال = نارنجی
لال + نیلا = جامنی

- بچوں کو بتائیں کہ جو رنگ primary colours کو ملا کر بنتے ہیں ان کو secondary colours کہتے ہیں۔ یہ رنگ ہرا (green)، نارنجی (orange) اور جامنی (purple) ہیں۔

# سیشن 4

**10 منٹ** • 6 - 4 بچوں سے کہانی پڑھوائیں۔

**20 منٹ** • بچوں سے کوپیاں کھولنے کو کہیں اور ان سے اپنا نام اور تاریخ لکھنے کو کہیں۔ بچوں سے کہیں کہ وہ 6 - 5 جملے لکھیں جس میں وہ اپنی کسی شرارت کے بارے میں بتائیں۔

**10 منٹ** • چند بچوں سے ان کی کہانیاں کلاس کے سامنے پڑھوائیں۔

### ہوم ورک

5 منٹ • املا کی تیاری کریں۔ املا کے الفاظ:

الماری، پھول، گاڑی، باندھی، موٹر، گرمی، پیلے، آواز، قریب، اچھل۔

## سیشن 5

10 منٹ • بچوں سے کہیں کہ اپنی کوپیاں نکالیں اور املا لکھوائیں۔

10 منٹ • املا کی اصلاح کروائیں۔

- بچوں سے کہیں کہ دو دو بچے آپس میں کوپی تبدیل کریں۔
- جن الفاظ کا املا لیا گیا تھا وہ الفاظ بورڈ پر لکھیں۔ بچوں سے کہیں کہ بورڈ پر لکھیں گئے الفاظ دیکھ کر ایک دوسرے کا املا چیک کریں اور پھر کاپی ایک دوسرے کو واپس کر دیں۔
- بچے اپنی کوپی میں غلطیوں کی اصلاح کریں۔
- بعد میں خود بچوں کی کوپی چیک کر کے نمبر دیں اور ان کی حوصلہ افزائی کریں۔

20 منٹ • بچوں سے پوچھیں کہ دانش نے کہانی میں کون کون سے کھیل کھیلے۔ بچوں سے پوچھ کر بورڈ پر لکھیں۔ (رسی کودی، چھپن چھپائی اور گھر گھر کھیلا)۔

- بچوں سے پوچھیں کہ وہ گھر میں کون کون سے کھیل کھیلتے ہیں اور بورڈ پر لکھتی جائیں۔ (چور پولیس، کنچے، اونچ نیچ، پٹھو، پہل دوج وغیرہ)۔
- جس کھیل کے بارے میں بچوں کو پتہ نہ ہو اس کے بارے میں بات چیت کے ذریعے بتائیں۔

### ہوم ورک

5 منٹ • گھر سے کوئی بھی ایک کھیل جو انہیں پسند ہو اس کا طریقہ کسی بڑے کی مدد سے لکھ کر لائیں۔

• جمع کئے ہوئے رنگین کاغذ یا اخبار رسالے سے کاٹی ہوئی تصویریں لے کر آئیں۔

**ٹیچر کے لئے نوٹ**

سیشن 6 کے لئے collage بنانے کا انتظام کریں۔ کلاس کو 6 - 5 گروپ میں تقسیم کرنا ہو گا۔ ہر گروپ کے لئے چارٹ پیپر، گوند کی بوتل اور قینچی کا انتظام کر لیں۔

# سیشن 6

**45 منٹ**

- رنگین collage بنانے کی تیاری کروائیں۔
  - بچوں کو 6 - 5 گروپ میں تقسیم کریں۔
  - ہر گروپ کو ایک چارٹ پیپر، گوند اور قینچی دیں۔
  - بچے لائے ہوئے کاغذ اور تصویروں کے چھوٹے چھوٹے ٹکڑے کرلیں۔ چارٹ پیپر پر اپنی پسند کے لباس کا خاکہ بنائیں۔ اس خاکہ میں رنگ بھرنے کی جگہ کاغذ / تصویروں کے چھوٹے چھوٹے ٹکڑے گوند کی مدد سے چپکائیں۔
- بچوں کو بتائیں کہ اس طرح سے بنائی گئی تصویر کو collage کہتے ہیں۔
- ہر گروپ کا کام کلاس میں display کریں۔

# امی کا دوپٹہ

## ٹیچرز گائیڈ

bookgroup

187/2-C, Block 2, PECHS, Karachi, Pakistan
Phone: (9221) 3431-0641, 3453-8221

e-mail: info@bookgroup.org.pk
www.bookgroup.org.pk